# آپ پوچھئے ؟

# اور

# قرآن کریم

# جواب دے گا


مرتب

ڈاکٹرمحمد التوم العسیری

ترجمہ: رحمت اللہ بالی



Islamic Education Foundation in Taif

Tel : 7344388 – 7346818 Ex.666 -660

Fax : 7360822 - P.O. Box : 4155

# قرآن کریم کا معجزہ

جو بھی کوئی قرآن کریم کا غور سے مطالعہ کرے گا اس کو یہ احساس ہو جائے گا کہ یہ برتری کی مختلف سطحوں، ظاہری اور باطنی معنوں پر مشتمل ہے.

اللہ تعالی فرماتے ہیں کہ: (الر، یہ ایک ایسی کتاب ہے کہ اس کی آیتیں محکم کی گئ ہیں، پھر صاف صاف بیان کی گئ ہیں، ایک حکیم باخبر کی طرف سے۔) (۱۱:۱)

اس لئے قرآن کریم میں جو بھی بیان ہیں وہ مکمل ہیں اور ان کے معانی واضح ہے۔

اس کے علاوہ، قرآن میں ہر لفظ اور معنی فصیح ہے اور اسے انکار نہیں کیا جا سکتا ہے۔

قرآن کریم نے ماضی کے لوگوں کے قصے بھی ذکر کیئے، اور یہ واقعات اور قصے حقیقتاً ویسے ہی پیش آئے جیسے قرآن کریم نے بیان کیا ہے۔ مزید، قران کریم نے ہر قسم کی اچھائی کا حکم دیا اور برائی کی ہر قسم سے منع فرمایا۔

جیسا کہ اللہ تعالی نے فرمایا: (اور آپ کے رب کا کلام سچائی اور انصاف کے اعتبار سے کامل ہے) (۶:۱۱۵)۔ یعنی، بیان کردہ واقعات میں سچ اور قوانین میں عدل ہے، قران کریم سچ، عدل اور رہنمائی سے بھرپور ہے۔ قرآن کریم عربی اور دیگر نظموں کی طرح غلو، جھوٹ یا باطل پر مشتمل نہیں ہے۔ کیونکہ یہ نظمیں تو اس مشہور قول سے مُطابقت رکھتی ہیں کہ "سب سے زیادہ فصیح بیان وہ کلام ہے جو سب

سے زیادہ جھوٹ پر مشتمل ہو!''

جہاں تک قرآن کریم کا تعلق ہے، یہ مکمل طور پر سب سے زیادہ کامل انداز میں فصیح ہے، جیسا کہ اس طرح کے معاملات میں علم رکھنے والے اور عربی بول چال کے قاعدوں اور انداز بیان کو سمجھنے والے اتفاق کرتے ہیں۔ جب کوئی قرآن کریم کے واقعات، مفصل ہوں یا مختصر، دہرائے گئے ہوں یا نہیں، کا مطالعہ کرے گا وہ انہیں نتیجہ خیز پائے گا۔ جتنا زیادہ ان واقعات کو دہرایا گیا ہے وہ اتنے ہی زیادہ نتیجہ خیز اور خوبصورت بن جاتے ہیں۔ جب کوئی قرآن کریم کی تلاوت دہراتا ہے تو قرآن کریم پرانا نہیں ہوتا، اور نہ ہی علماء کرام کبھی بھی اس سے بور ہوئے۔

جب قرآن کریم وعدو عید کے موضوع کا ذکر کرتا ہے، تو وہ ایسی سچائی بیان کرتا ہے جو ٹھوس، مضبوط پہاڑوں کو ہلا دیتا ہے، تو ان فہیم اور سمجھدار دلوں کا کیا حال ہوگا، جب قرآن کریم وعدے کرتا ہے، جو دلوں اور کانوں کو کھولتا ہے، ان کو ابھارتا ہے امن کا گھر، جنّت، حاصل کرنے کے لئے اور رحمٰن کے عرش کے پڑوسی بننے کے لئے۔

# فہرست



| Page | سوالات | No |
|---|---|---|
| 3 | خالق کون ہے؟ | 1 |
| | اللہ کون ہے؟ | 2 |
| | کیاآپ یہ سوچتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو کھیل کود کے لئے پیدا کیا، بغیر کسی مقصد کے؟ | 3 |
| | اللہ تعالیٰ نے انسانوں کو کیوں پیدا کیا؟ | 4 |
| | اللہ تعالیٰ نے ہمیں کسے بات کا حکم دیا ہے؟ | 5 |
| | ہم ہدایت کہاں سے پا سکتے ہیں؟ | 6 |
| | مصیبت کے وقت ہمیں کس کا وسیلہ لینا چاہیئے؟ | 7 |
| | سابقہ امتوں کے ساتھ کیا سلوک کیا گیا جب انہوں نے اللہ کی نافرمانی کی؟ | 8 |
| | کیااللہ نے قرآن کریم کی حفاظت کا ذمہ خود لیا ہے؟ | 9 |
| | ہمیں کس کی عبادت کرنی چاہیئے؟ | 10 |
| | اللہ کا دین کیا ہے؟ | 11 |
| | اللہ کے پاس کون سا دین مقبول ہے؟ | 12 |
| | قرآن کریم کہاسے آیا ہے؟ | 13 |
| | اللہ تعالیٰ نے رسولوں کو کیوں بھیجا؟ | 14 |
| | کیاہم سب رسولوں پر ایمان رکھتے ہیں؟ | 15 |

| | سوالات | No |
|---|---|---|
| | سابقہ آسمانی کتب میں کیا ہوا؟ | 16 |
| | اللہ کے آخری رسول کون ہیں ؟ | 17 |
| | اللہ نے آخری رسول محمد ﷺ کو کن کی طرف بھیجا؟ | 18 |
| | یہود اور نصاری میں سے جو لوگ ایمان لائے اللہ نے ان کے لئے کیا تیار کیا ہے؟ | 19 |
| | عیسی کی مثال اللہ کے پاس پہلے کیسے ہے ؟ | 30 |
| | اللہ نے حضرت مریم کے بارے میں کیا فرمایا ہے؟ | 21 |
| | کیا حضرت عیسی کو پھانسی دی گی، اور کیا وہ پھانسی پر مر گے ؟ | 22 |
| | کیا حضرت عیسی اللہ کے بیٹے تھے ؟ | 23 |
| | ہم سلامتی کیسے حاصل کر سکتے ہیں ؟ | 24 |
| | دنیاوی زندگی کی کیا حقیقت ہے؟ | 25 |
| | جب بھی آپ کو کوئی نعمت یا اچھی چیز ہوتی ہے کیا وہ اللہ کی طرف سے ہے؟ | 26 |
| | ہم یقینی طور سے اللہ کی نعمت کیسے حاصل کر سکتے ہیں ؟ | 27 |
| | آپ اپنا آپ کو دردناک عذاب سے کیسے بچا سکتے ہیں؟ | 28 |
| | جو کوئی اللہ پر بھروسہ کرتا ہے اس کو کیا ملتا ہے؟ | 29 |
| | بے ایمان کے انجام کی کیا توقع ہے؟ | 30 |

| | | |
|---|---|---|
| 31 | ایماندار کے انجام کی کیا توقع ہے؟ | |
| 32 | آپ سعات کیسے حاصل کر سکتے ہیں؟ | |
| ٣٣ | کیا اسلام خالق کائنات کا دین ہے؟ | |
| ٣٤ | حقیقی توحید کیا ہے؟ کیا اسلام حقیقی توحید کا دین ہے؟ | |
| ٣٥ | تمام انبیاء کا دین کیا تھا؟ کیا ان کا ایمان مشترک تھا؟ | |
| ٣٦ | کیا دین انسانوں کے لیے خوشی لاتا ہے؟ | |
| ٣٧ | کیا اسلام سچا دین ہے؟ | |
| ٣٨ | حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے پیغام کا خلاصہ کیا تھا؟ | |
| ٣٩ | کیا اسلام انسانی حقوق کی قدر اور حفاظت کرتا ہے؟ | |
| ٤٠ | ایک انسان کیسے بہترین اور مکمل زندگی حاصل کر سکتا ہے؟ | |
| ٤١ | کیا اسلام انصاف کو قائم کرتا ہے؟ | |
| ٤٢ | اسلام کیسے انسانوں کے درمیان مساوات قائم کرتا ہے؟ | |
| ٤٣ | انسان ایک دوسرے سے تعاون کیسے کر سکتے ہیں؟ | |
| ٤٤ | کیا اسلام مکمل نظام زندگی (طریق حیات) فراہم کرتا ہے؟ | |
| ٤٥ | اسلام صفائی (پاکیزگی) کو کتنی اہمیت دیتا ہے؟ | |
| ٤٦ | کیا اسلام ایسا دین ہے جو اچھے اخلاق اور دوسری مخلوقات کے ساتھ اچھا سلوک کرنے کی رہنمائی کرتا ہے؟ | |
| ٤٧ | کیا اسلام میں سب کے لیے مناسب اور موزوں قوانین موجود ہیں؟ | |

| | | |
|---|---|---|
| ٤٨ | کیااسلام معاف کرنے والا دین ہے؟ | |
| ٤٩ | کیااسلام امن اور سلامتی کا راستہ دکھا سکتا ہے؟ | |
| ٥٠ | کیااسلام لوگوں کو نجات کی طرف بلاتا ہے؟ | |

س۱: خالق کون ہے؟

اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتے ہیں:

۱۔( اللہ ہی تو ہے جس نے زمین کو تمہارے لئے ٹھہرنے کی جگہ اور آسمان کو چھت بنایا اور تمہاری صورتیں بنائیں اور صورتیں بھی خوب بنائیں اور تمہیں پاکیزہ چیزیں کھانے کو دیں یہی اللہ تمہارا پروردگار ہے پس اللہ پروردگارِ عالم بہت ہی بابرکت ہے۔) (غافر: ٦٤)

اور فرماتے ہیں:

۲۔( اسی نے تم کو ایک شخص سے پیدا کیا پھر اس سے اس کا جوڑا بنایا اور اسی نے تمہارے لئے چارپایوں میں سے آٹھ جوڑے بنائے وہی تم کو تمہاری ماؤں کے پیٹ میں (پہلے) ایک طرح پھر دوسری طرح تین اندھیروں میں بناتا ہے یہی اللہ تمہارا پروردگار ہے اسی کی بادشاہی ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں پھر تم کہاں پھرے جاتے ہو؟) (الزمر: ٦)

س۲: اللہ کون ہے؟

اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتے ہیں:

( وہی اللہ ہے جس کے سوا کوئی لائقِ عبادت نہیں بادشاہ (حقیقی) پاک ذات (ہر عیب سے) سالم ،امن دینے والا، نگہبان، غالب، زبردست بڑائی والا۔

اللہ ان لوگوں کے شریک مقرر کرنے سے پاک ہے۔) (الحشر: ۲۳)

س۳: کیا آپ یہ سوچتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے ہم سب کو بے کار کو کھیل کود کے لئے پیدا کیا، بغیر کسی مقصد کے؟

اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتے ہیں:

( کیا تم یہ خیال کرتے ہو کہ ہم نے تم کو بے فائدہ پیدا کیا ہے اور یہ کہ تم ہماری طرف لوٹ کر نہیں آؤ گے ؟۔) (المومنون: ۱۱۵)

س ۴: اللہ تعالیٰ نے جنوں اور انسانوں کو کس مقصد کے لئے پیدا کیا ہے؟

اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتے ہیں:

( اور میں نے جنوں اور انسانوں کو اس لئے پیدا کیا ہے کہ میری عبادت کریں۔) (الزاریات: ۵۶)

س ۵: اللہ تعالیٰ نے ہمیں کسے بات کا حکم دیا ہے؟

اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتے ہیں:

(اللہ تم کو حکم دیتا ہے کہ امانت والوں کی امانتیں اُن کے حوالے کر دیا کرو اور جب لوگوں میں فیصلہ کرنے لگو تو انصاف سے فیصلہ کیا کرو اللہ تعالیٰ تمہیں بہت خوب نصیحت کرتا ہے بیشک اللہ سنتا اور دیکھتا ہے۔) (النسا: ۵۸)

س ۶: ہم ہدایت کہاں سے پا سکتے ہیں؟

اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتے ہیں:

۱۔ (سب تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لئے ہیں۔ جو تمام جہانوں کا رب ہے۔ بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے۔ بدلے کے دن کا مالک ہے۔ ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور صرف تجھ ہی سے مدد مانگتے ہیں۔ ہمیں سیدھی (اور سچی) راہ دکھا۔ ان لوگوں کی راہ جن پر تو نے انعام کیا، کی نہیں جن پر غضب کیا گیا (یعنی وہ لوگ جنہوں نے حق پہچانا مگر اس پر عمل نہیں کیا) اور نہ گمراہوں کی (یعنی وہ لوگ جو جہالت کے سبب راہ حق سے برگشتہ ہو گئے''۔) (الفاتحہ: ۲۔۶)

۲۔ (اس کتاب کے اللہ کی کتاب ہونے میں کوئی شک نہیں۔ پرہیزگاروں کو راہ دکھانے والی ہے۔ جو لوگ غیب پر ایمان لاتے ہیں اور نماز قائم کرتے ہیں، اور ہمارے دے ہوئے مال میں سے

خرچ کرتے ہیں۔ اور جو لوگ ایمان لاتے ہیں اس پر جو آپ پر اتارا گیا، اور وہ آخرت پر بھی ایمان رکھتے ہیں۔ یہی لوگ اپنے رب کی طرف سے ہدایت پر ہیں اور یہی لوگ فلاح اور نجات پانے والے ہیں ) (البقرۃ: ۲۔۵)

س۷: مصیبت کے وقت ہمیں کس کا وسیلہ پکڑنا چاہیئے؟

اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتے ہیں :

ا۔ (پس یہ لوگ جب کشتیوں میں سوار ہوتے ہیں تو اللہ تعالیٰ کو ہی پکارتے ہیں اس کے لئے عبادت خالص کر کے پھر جب وہ انھیں خشکی کی طرف بچا لاتا ہے تو اسی وقت شرک کرنے لگتے ہیں ) (العنکبوت : ٦۵)

۲۔ (اور جب انسان کو کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو ہم کو پکارتا ہے لیٹے بھی، بیٹھے بھی، کھڑے بھی۔ پھر ہم جب اس کی تکلیف اس سے ہٹا دیتے ہیں تو وہ ایسا ہو جاتا ہے کہ گویا اس نے اپنے تکلیف کے لئے جو اسے پہنچتی تھی کبھی ہمیں پکارا ہی نہ تھا، ان حد سے گذرنے والوں کے اعمال کو ان کے لئے اس طرح خوشنما بنا دیا گیا ہے) (یونس : ۱۲)

۸س: سابقہ امتوں کے ساتھ کیا سلوک کیا گیا جب انہوں نے اللہ کی نافرمانی کی؟

اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتے ہیں :

(پھر تو ہر ایک کو ہم نے اس کے گناہ کے وبال میں گرفتار کر لیا، ان میں سے بعض پر ہم نے پتھروں کا مینہ برسایا اور ان میں سے بعض کو زور دار سخت آواز نے دبوچ لیا اور ان میں سے بعض کو ہم نے زمین میں دھنسا دیا اور ان میں سے بعض کو ہم نے ڈبو دیا، اللہ تعالیٰ ایسا نہیں کہ ان پر ظلم کرے بلکہ یہی لوگ اپنی جانوں پر ظلم کرتے تھے ) (العنکبوت: ۴۰)

۹س: کیا اللہ نے قرآن کریم کی حفاظت کا ذمہ خود لیا ہے؟
اللہ تعالی قرآن کریم میں فرماتے ہیں :
(ہم نے ہی اس قرآن کو نازل فرمایا ہے اور ہم ہی اس کے محافظ ہیں ) (الحجر: ۹)
۱۰س: ہمیں کس کی عبادت کرنی چاہئے؟
اللہ تعالی قرآن کریم میں فرماتے ہیں :
(بے شک میں ہی اللہ ہوں، میرے سوا عبادت کے لائق اور کوئی نہیں پس تو میری ہی عبادت کر، اور میری یاد کے لئے نماز قائم رکھ) (طٰہٰ: ۱۴)
۱۱س: اللہ کا دین کیا ہے؟
اللہ تعالی قرآن کریم میں فرماتے ہیں :
(بے شک اللہ تعالیٰ کے نزدیک دین اسلام ہی ہے، اور اہل کتاب نے اپنے پاس علم آ جانے کے بعد آپس کی سرکشی اور حسد کی بنا پر ہی اختلاف کیا ہے اور اللہ تعالیٰ کی آیتوں کے ساتھ جو بھی کفر کرے اللہ تعالیٰ اس کا جلد حساب لینے والا ہے) ( آل عمران: ۱۹)
۱۲س: اللہ کے پاس کون سا دین مقبول ہے؟
اللہ تعالی قرآن کریم میں فرماتے ہیں :
(جو شخص اسلام کے سوا اور دین تلاش کرے، اس کا دین قبول نہ کیا جائے گا اور وہ آخرت میں نقصان پانے والوں میں ہوگا) ( آل عمران: ۸۵)

۱۳اس: قرآن کریم کہاسے آیا ہے؟

اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتے ہیں :

ا۔(اللہ تعالیٰ جو زبردست ہے اور حکمت والا ہے اسی طرح تیری طرف اور تجھ سے اگلوں کی طرف وحی بھیجتا رہا) (الشوریٰ: ۳)

۲۔(تو کیا اللہ تعالیٰ کے سوا کسی اور فیصلہ کرنے والے کو تلاش کروں حلانکہ وہ ایسا ہے کہ اس نے ایک کتاب کامل تمہارے پاس بھیج دی ہے، اس کے مضامین خوب صاف صاف بیان کئے گئے ہیں اور جن لوگوں کو ہم نے کتاب دی ہے وہ اس بات کو یقین کے ساتھ جانتے ہیں کہ یہ آپ کے رب کی طرف سے حق کے ساتھ بھیجی گئی ہے، سو آپ شبہ کرنے والوں میں سے نہ ہوں۔) (الأنعام: ۱۱۴)

۱۴اس: اللہ تعالیٰ نے رسولوں کو کیوں بھیجا؟

اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتے ہیں :

ا۔(ہم نے ہر ہر رسول کو صرف اس لئے بھیجا کہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے اس کی فرمابرداری کی جائے اور اگر یہ لوگ جب انہوں اپنی جانوں پر ظلم کیا تھا، تیرے پاس آجاتے اور اللہ تعالیٰ سے استغفار کرتے اور رسول بھی ان کے لئے استغفار کرتے، تو یقینا یہ لوگ اللہ تعالیٰ کو لعاف کرنے والا مہربان پاتے) (النساء: ۶۴)

۲۔(ہم نے ہی آپ کو حق دے کر خوشخبری سنانے والا اور ڈر سنانے والا بنا کر بھیجا اور کوئی امت ایسی نہیں ہوئی جس میں کوئی ڈر سنانے والا نہ گذرا ہو۔) (فاطر: ۲۴)

س ۱۵: کیا ہم سب رسولوں پر ایمان رکھتے ہیں ؟

**اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتے ہیں :**

"رسول ایمان لایا اس چیز پر جو اس کی طرف اللہ تعالیٰ کی جانب سے اترے اور مومن بھی ایمان لائے یہ سب اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتوں پر اور اس کی کتابوں پر اور اس کے رسولوں پر ایمان لائے، اس کے رسولوں میں سے کسی میں ہم تفریق نہیں کرتے انہوں نے کہہ دیا کہ ہم نے سنا اور اطاعت کی، ہم تیری بخشش طلب کرتے ہیں اے ہمارے رب اور ہمیں تیری ہی طرف لوٹنا ہے"۔ **(البقرۃ: ۲۸۵)**

**س ۱۶: سابقہ آسمانی کتب میں کیا ہوا؟**

**اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتے ہیں :**

**۱-"** بعض یہود کلمات کو ان کی ٹھیک جگہ سے ہیر پھیر کر دیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہم نے سنا اور نافرمانی کی اور سن اس کے بغیر کہ تو سنا جائے (ا) اور ہماری رعایت کر (لیکن اس کہنے میں) اپنی زبان کو پیچ دیتے ہیں اور دین میں طعنہ دیتے ہیں اور اگر یہ لوگ کہتے کہ ہم نے سنا اور ہم نے فرمانبرداری کی آپ سنئے ہمیں دیکھئے تو یہ ان کے لئے بہت بہتر اور نہایت ہی مناسب تھا، لیکن اللہ تعالیٰ نے ان کے کفر سے انہیں لعنت کی ہے پس یہ بہت ہی کم ایمان لاتے ہیں۔ (النساء : ۴۶)

**۲-"** پھر ان کی عہد شکنی کی وجہ سے ہم نے ان پر اپنی لعنت نازل فرمادی اور ان کے دل سخت کر دیئے کہ وہ کلام کو اپنی جگہ سے بدل ڈالتے ہیں اور جو کچھ نصیحت انہیں کی گئی تھی اس کا بہت بڑا حصہ بھلا بیٹھے ان کی ایک نہ ایک خیانت تجھے ملتی رہے گی ہاں تھوڑے سے ایسے نہیں بھی ہیں پس تو انہیں معاف کرتا رہ بیشک اللہ تعالیٰ احسان کرنے والوں سے محبت کرتا ہے"۔ (المائدۃ: ۱۳)

س۱۷: اللہ کے آخری رسول کون ہیں ؟

اللہ تعالی قرآن کریم میں فرماتے ہیں :

محمد ﷺ صرف رسول ہی ہیں، ان سے پہلے بہت سے رسول ہو چکے ہیں، کیا اگر ان کا انتقال ہو جائے یا شہید ہو جاییں، تو تم اسلام سے اپنی ایڑیوں کے بل پھر جاؤگے ؟اور جو کوئی پھر جائے اپنی ایڑیوں پر تو ہر گزاللہ تعالی کا کچھ نہ بگاڑے گا، عنقریب اللہ تعالی شکر گزاروں کو نیک بدلہ دے گا( سورۃالبقرۃ : ۱۴۴)

لوگو!تمہارے مردوں میں سے کسی کے باپ محمد ﷺ نہیں لیکن آپ اللہ تعالی کے رسول اور تمام نبیوں کے ختم کرنے والے، اور اللہ تعالی ہر چیز کا بخوبی جاننے والا ہے (سورۃالاحزاب- ۴۰ )

س۱۸: اللہ تعالی نے آخری رسول محمد ﷺ کو کن کی طرف بھیجا؟

اللہ تعالی قرآن کریم میں فرماتے ہیں :

﴿ہم نے آپ کو تمام لوگوں کے لیے خشخبریاں سنانے والا اور ڈرانے والا بنا کر بھیجا ہے ہاں مگر (یہ صحیح ہے ) کہ لوگوں کی اکثریت بے علم ہے﴾ سورۃسبا– ۲۸

س۱۹: یہود اور نصاری میں سے جو لوگ ایمان لائے اللہ نے ان کے لئے کیا تیار کیا ہے؟

اللہ تعالی قرآن کریم میں فرماتے ہیں :

﴿اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو!( موسی علیہ السلام اور عیسی علیہ السلام پر ) اللہ سے ڈرتے رہا کرو اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ اللہ تمہیں اپنی رحمت کا دوہرا حصہ دے گا اور تمہیں نور دے گا جس کی روشنی میں تم چلو پھروگے اور تمہارے گناہ بھی معاف فرمادے گا، اللہ بخشنے والا مہربان ہے﴾ سورۃالحدید– ۲۸

س۲۰: عیسی علیہ السلام کی مثال اللہ تعالی کے پاس کیسی ہے؟

اللہ تعالی قرآن کریم میں فرماتے ہیں :

﴿ اللہ تعالی کے نزدیک عیسٰی علیہ السلام کی مثال ہو بہو آدم علیہ السلام کی مثال ہے جسے مٹی سے بنا کر کے کہہ دیا کی ہو جا! پس وہ ہو گیا! ﴾ سورۃ آل عمران - ۵۹

س۲۱: اللہ نے حضرت مریم کے بارے میں کیا فرمایا ہے؟

اللہ تعالی قرآن کریم میں فرماتے ہیں :

﴿ اور جب فرشتوں نے کہا، اے مریم! اللہ تعالی نے تجھے برگزیدہ کرلیا اور تجھے پاک کر دیا اور سارے جہان کی عورتوں میں سے تیرا انتخاب کر لیا ﴾ ﴿ اے مریم! تو اپنے رب کی اطاعت کر اور سجدہ کر اور رکوع کرنے والون کے ساتھ رکوع کر ﴾ ﴿ یہ غیب کی خبرون میں سے ہے جسے ہم تیری طرف وحی سے پہنچاتے ہیں، تو ان کے پاس نہ تھا جب کہ وہ اپنے قلم ڈال رہے تھے کہ مریم کو ان میں سے کون پالے گا؟ اور نہ تو ان کے جھگڑنے کے وقت ان کے پاس تھا ﴾ ﴿ جب فرشتوں نے کہا اے مریم! اللہ تعالی تجھے اپنے ایک کلمے کی خوشخبری دیتا ہے جس کا نام مسیح عیسٰی بن مریم ہے جو دنیا اور آخرت میں ذی عزت ہے اور وہ میرے مقربین میں سے ہے ﴾ ﴿ وہ لوگوں سے اپنے گہوارے میں باتیں کرے گا اور ادھیڑ عمر میں بھی اور وہ نیک لوگوں میں سے ہو گا ﴾ ﴿ کہنے لگیں مجھے لڑکا کیسے ہو گا؟ حالانکہ مجھے تو کسی انسان نے ہاتھ بھی نہین لگایا، فرشتے نے کہا، اسی طرح اللہ تعالی جو چاہے پیدا کرتا ہے، جب کبھی وہ کسی کام کو کرنا چاہتا ہے تو صرف یہ کہ دیتا ہے کہ ہو جا! وہ ہو جاتا ہے ﴾ سورۃ آل عمران ـ ۴۲-۴۷

س ۲۲: کیا حضرت عیسی کو پھانسی دی گی، اور کیا وہ صلیب پر مر گے؟

اللہ تعالی قرآن کریم میں فرماتے ہیں :

﴿اور یوں کہنے کے باعث کہ ہم نے اللہ کے رسول مسیح عیسٰی بن مریم کو قتل کر دیا حالانکہ نہ تو انہوں نے اسے قتل کیا نہ سولی پر چڑھایا بلکہ ان کے لیے ان (عیسٰی) کا شبیہ بنا دیا گیا تھا۔ یقین جانو کہ حضرت عیسٰی علیہ السلام کے بارے میں اختلاف کرنے والے ان کے بارے میں شک میں ہیں، انہیں اس کا کوئی یقین نہیں بجز تخمینی باتوں پر عمل کرنے کے، اتنا یقینی ہے کہ انہوں نے انہیں قتل نہیں کیا﴾ ﴿بلکہ اللہ تعالی نے انہیں اپنی طرف اٹھالیا اور اللہ بڑا زبردست اور پوری حکمت والا ہے﴾ سورۃ النسآء - ۱۵۷-۱۵۸

س ۲۳: کیا حضرت عیسی علیہ السلام اللہ تعالی کے بیٹے تھے؟

اللہ تعالی قرآن کریم میں فرماتے ہیں :

﴿آپ کہہ دیجئے (اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کہ وہ اللہ ایک (ہی) ہے﴾ ﴿اللہ تعالی بے نیاز ہے﴾ ﴿نہ اس سے کوئی پیدا ہوا اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا﴾ ﴿اور نہ کوئی اس کا ہمسر ہے﴾ سورۃ الاخلاص - ۱-۴

س ۲۴: ہم سلامتی کیسے حاصل کر سکتے ہیں؟

اللہ تعالی قرآن کریم میں فرماتے ہیں :

﴿جو لوگ ایمان رکھتے ہیں اور اپنے ایمان کو شرک کے ساتھ مخلوط نہیں کرتے، ایسوں ہی کے لیے امن ہے اور وہی راہ راست پر چل رہے ہیں﴾ سورۃ الانعام - ۸۲

س ۲۵: دنیاوی زندگی کی کیا حقیقت ہے؟

اللہ تعالی قرآن کریم میں فرماتے ہیں :

﴿خوب جان رکھو کہ دنیا کی زندگی صرف کھیل تماشا زینت اور آپس میں فخر (وغرور) اور مال واولاد میں ایک کا دوسرے سے اپنے آپ کو زیادہ بتلانا ہے، جیسے بارش اور اس کی پیداوار کسانوں کو اچھی

معلوم ہوتی ہے پھر جب وہ خشک ہو جاتی ہے تو زرد رنگ میں اس کو تم دیکھتے ہو پھر وہ بالکل چورہ چورہ ہو جاتی ہے اور آخرت میں سخت عذاب اور اللہ کی مغفرت اور رضامندی ہے اور دنیا کی زندگی بجز دھوکے کے سامان کے اور کچھ بھی تو نہیں﴾ سورۃ الحدید - ۲۰

س۲۶: جو بھی کوئی نعمت اور اچھی چیز آپ کے پاس ہے کیا وہ اللہ کی طرف سے ہے؟

اللہ تعالی قرآن کریم میں فرماتے ہیں:

﴿تمہارے پاس جتنی بھی نعمتیں ہیں سب اسی کی دی ہوئی ہیں، اب بھی جب تمہیں کوئی مصیبت پیش آجائے تو اسی کی طرف نالہ وفریاد کرتے رہو﴾ سورۃ النحل - ۵۳

س۲۷: ہم یقینی طور سے اللہ کی نعمت کیسے حاصل کر سکتے ہیں؟

اللہ تعالی قرآن کریم میں فرماتے ہیں:

﴿اور جب تمہارے پروردگار نے تمہیں آگاہ کر دیا کہ اگر تم شکر گزاری کروگے تو بیشک میں تمہیں زیادہ دوں گا اور اگر تم ناشکری کروگے تو یقیناً میرا عذاب بہت سخت ہے﴾ سورۃ ابراھیم - ۷

س۲۸: کوئی شخص اپنے آپ کو دردناک عذاب سے کیسے بچا سکتا ہے؟

اللہ تعالی قرآن کریم میں فرماتے ہیں:

﴿اے ایمان والو! کیا میں تمہیں وہ تجارت بتلادوں جو تمہیں دردناک عذاب سے بچالے؟﴾ ﴿اللہ تعالی پر اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ اور اللہ کی راہ میں اپنے مال اور اپنی جانون سے جہاد کرو، یہ تمہارے لیے بہتر ہے اگر تم میں علم ہو﴾ سورۃ الصّف - ۱۰-۱۱

س۲۹: جو کوئی اللہ پر بھروسہ کرتا ہے اس کو کیا ملتا ہے؟

اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتے ہیں :

﴿جو شخص اللہ پر توکل کرے گا اللہ اسے کافی ہوگا۔ اللہ تعالیٰ اپنا کیم پورا کرکے ہی رہے گا۔ اللہ تعالیٰ نے ہر چیز کا ایک اندازہ مقرر کرکے رکھا ہے﴾ سورۃ الطلاق - ۳

س۳۰: بے ایمان کے انجام کی کیا توقع ہے؟ (کون سا ٹھکانا کافروں کا انتظار کر رہا ہے)

اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتے ہیں :

﴿الغرض، آج تم سے (یعنی منافقوں سے) نہ فدیہ (اور نہ بدلہ) قبول کیا جائے گا اور نہ کافروں سے تم (سبب) کا ٹھکانا دوزخ ہے۔ وہی تمہاری رفیق ہے اور وہ برا ٹھکانا ہے﴾ سورۃ الحدید - ۱۵

س۳۱: ایماندار کے انجام کی کیا توقع ہے؟ (کون سا ٹھکانا ایمان والوں کا انتظار کر رہا ہے)

اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتے ہیں :

﴿اور جو لوگ ایمان لائے اور شائستہ عمل کئے ہم عنقریب انہیں ان جنتوں میں لے جائیں گے جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں، جن میں وہ ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے، ان کے لئے وہاں صاف ستھری بیویاں ہوں گی اور ہم انہیں گھنی چھاؤں (اور پوری راحت) میں لے جائیں گے﴾ سورۃ النسآء - ۵۷

س۳۲: آپ سعادت کیسے حاصل کر سکتے ہیں؟ (کوئی شخص خوشی کیسے حاصل کر سکتا ہے)

اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتے ہیں :

﴿جو شخص نیک عمل کرے مرد ہو یا عورت، لیکن باایمان ہو تو ہم اسے یقیناً نہایت بہترین زندگی عطا فرمائیں گے۔ اور ان کے نیک عمل کا بہتر بدلہ بھی انہیں ضرور ضرور دیں گے﴾ سورۃ النحل : ۹۷

﴿اور اگر یہ لوگ توراۃ و انجیل اور ان کی جانب جو کچھ اللہ تعالیٰ کی طرف سے نازل فرمایا گیا ہے، ان کے پورے پابند رہتے تو یہ لوگ اپنے اوپر سے اور نیچے سے روزیاں پاتے اور کھاتے۔﴾ سورۃ المائدۃ : ٦٦

س ۳۳: کیا اسلام خالق کائنات کا دین ہے؟

اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتے ہیں :

﴿ دین ابراہیم سے وہی بے رغبتی کرے گا جو محض بے وقوف ہو، ہم نے ن تو اسے دنیا میں بھی بر گزیدہ کیا تھا اور آخرت میں بھی وہ نیکو کاروں میں سے ہے ﴾ ﴿ جب کبھی بھی انہیں ان کے رب نے کہا، فرمان بر دار ہو جا، انہوں نے کہا، میں نے رب العالمین کی فرمان برداری کی ﴾ سورۃ البقرۃ - ۱۳۰-۱۳۱

س ۳۴: حقیقی توحید کیا ہے؟ کیا اسلام حقیقی توحید کا دین ہے؟

اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتے ہیں :

﴿ اسی (فرمان بارداری کی یعنی اسلام ) کی وصیت ابراھیم اور یعقوب نے اپنی اولاد کو کی، کہ ہمارے بچو! اللہ تعالیٰ نے تمہارے لیے اس دین کو پسند فرمالیا ہے، خبردار! تم مسلمان ہی مرنا ﴾ سورۃ البقرۃ - ۱۳۲

س ۳۵: تمام انبیاء کا دین کیا تھا؟ کیا ان کا ایمان مشترک تھا؟

اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتے ہیں :

﴿ اے مسلمانو! تم سب کہو کہ اللہ پر ایمان لائے اور اس چیز پر بھی جو ہماری طرف اتاری گئی اور جو چیز ابراھیم، اسماعیل، اسحاق، یعقوب (علیہم السلام) اور ان کی اولاد پر اتاری گئی اور جو کچھ اللہ کی جانب سے موسیٰ اور عیسیٰ (علیہما السلام) اور دوسرے انبیاء (علیہم السلام) دیئے گئے۔ ہم ان میں سے کسی کے درمیان فرق نہیں کرتے، ہم اللہ کے فرمان بردار ہیں ﴾ سورۃ البقرۃ - ۱۳۶

س ۳۶: کیا دین انسانوں کے لیے خوشی لاتا ہے؟

اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتے ہیں :

﴿نیکی اور بدی برابر نہیں ہوتی۔ برائی کو بلائی سے دفع کرو پھر وہی جس کے اور تمہارے درمیان دشمنی ہے ایسا ہو جائے گا جیسے دلی دوست﴾ ﴿اور یہ بات انہیں کو نصیب ہوتی ہے جو صبر کریں اور اسے سوائے بڑے نصیبے والوں کے کوئی نہیں پا سکتا﴾ سورۃ حم السجدۃ -۳۴-۳۵

س۳۷: کیا اسلام سچا دین ہے؟

اللہ تعالی قرآن کریم میں فرماتے ہیں :

﴿اور جو (یعنی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم) سچے دین (یعنی قرآن اور توحید) کو لائے، جس نے اس کی تصدیق کی (یعنی توحید پر ایمان رکھنے والے)، یہی لوگ پارسا ہیں﴾ سورۃ الزمر - ۳۳

س۳۸: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے پیغام کا خلاصہ کیا تھا؟

اللہ تعالی قرآن کریم میں فرماتے ہیں :

﴿اور ہم نے آپ کو (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) تمام جہان والوں کے لیے رحمت بنا کر ہی بھیجا ہے﴾ الانبیاء : ۱۰۷

س۳۹: کیا اسلام انسانی حقوق کی قدر اور حفاظت کرتا ہے؟

اللہ تعالی قرآن کریم میں فرماتے ہیں :

﴿اور ہم نے یہودیوں کے ذمہ تورات میں یہ بات مقرر کر دی تھی کہ جان کے بدلے جان اور آنکھ کے بدلے آنکھ اور ناک کے بدلے ناک اور کان کے بدلے کان اور دانت کے بدلے دانت اور خاص زخموں کا بھی بدلہ ہے، پھر جو شخص اس کو معاف کر دے تو وہ اس کے لیے کفارہ ہے، اور جو لوگ اللہ کے نازل کئے ہوئے کے مطابق حکم نہ کریں، وہی لوگ ظالم ہیں﴾ سورۃ المائدۃ -۴۵

﴿دین کے بارے میں کوئی زبردستی نہیں، ہدایت ضلالت سے روشن ہو چکی ہے، اس لئے جو شخص اللہ تعالی کے سوا دوسرے معبودوں کا انکار کر کے اللہ تعالی پر ایمان لائے اس نے مضبوط کڑے کو تھام لیا، جو کبھی نہ ٹوٹے گا اور اللہ تعالی سننے والا، جاننے والا ہے﴾ سورۃ البقرۃ - ۲۵۶

س ۴۰: ایک انسان کیسے بہترین اور مکمل زندگی حاصل کر سکتا ہے؟

اللہ تعالی قرآن کریم میں فرماتے ہیں:

﴿جو شخص نیک عمل کرے مرد ہو یا عورت، لیکن با ایمان ہو تو ہم اسے یقیناً نہایت بہتر زندگی عطا فرمائیں گے۔ اور ان کے نیک اعمال کا بہتر بدلہ بھی انہیں ضرور ضرور دیں گے﴾ سورۃ النحل - ۹۷

س ۴۱: کیا اسلام انصاف کو قائم کرتا ہے؟

اللہ تعالی قرآن کریم میں فرماتے ہیں:

﴿اللہ تعالی عدل کا، بھلائی کا اور قرابت داروں کے ساتھ نیک سلوک کرنے کا حکم دیتا ہے اور بے حیائی کے کاموں، ناشائستہ حرکتوں اور ظلم و زیادتی سے روکتا ہے، وہ خود تمہیں نصیحتیں کر رہا ہے کہ تم نصیحت حاصل کرو﴾ سورۃ النحل - ۹۰

س ۴۲: اسلام کیسے انسانوں کے درمیان مساوات قائم کرتا ہے؟

اللہ تعالی قرآن کریم میں فرماتے ہیں:

اے لوگو! ہم نے تم سب کو ایک (ہی) مرد و عورت سے پیدا کیا ہے اور اس لیے کہ تم آپس میں ایک دوسرے کو پہچانو کنبے اور قبیلے بنا دیئے ہیں، اللہ کے نزدیک تم سب میں با عزت وہ ہے جو سب سے زیادہ ڈرنے والا ہے۔ یقین مانو کہ اللہ دانا اور باخبر ہے﴾ سورۃ الحجرات - ۱۳

س ۴۳ : انسان ایک دوسرے سے تعاون کیسے کر سکتے ہیں؟

اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتے ہیں :

﴿۔۔۔نیکی اور پرہیزگاری میں ایک دوسرے کی امداد کرتے رہو اور گنا اور ظلم و زیادتی میں مدد نہ کرو، اور اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو۔۔۔﴾ سورۃ المائدۃ - ۲

س ۴۴: کیا اسلام مکمل نظام زندگی (طریق حیات) فراہم کرتا ہے؟

اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتے ہیں :

﴿آج میں نے تمہارے لیے دین کو کامل کر دیا اور تم پر اپنا انعام بھرپور کر دیا اور تمہارے لیے اسلام کے دین ہونے پر رضامند ہو گیا﴾ سورۃ المائدہ - ۳

س ۴۵: اسلام صفائی (پاکیزگی) کو کتنی اہمیت دیتا ہے؟

اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتے ہیں :

﴿اے ایمان والو! جب تم نماز کے لیے اٹھو تو اپنے منہ کو، اور اپنے ہاتھوں کو کہنیوں سمیت دھولو، اپنے سروں کا مسح کرو، اور اپنے پاؤں کو ٹخنوں سمیت دھولو، اور اگر تم جنابت کی حالت میں ہو تو غسل کر لو، ہاں اگر تم بیمار ہو یا سفر کی حالت میں ہو یا تم میں سے کوئی حاجت ضروری سے فارغ ہو کر آیا ہو، یا تم عورتوں سے ملے ہو اور تمہیں پانی نہ ملے تو تم پاک مٹی سے تیمّم کر لو، اسے اپنے چہروں پر اور ہاتھوں پر مل لو۔ اللہ تعالیٰ تم پر کسی قسم کی تنگی ڈالنا نہیں چاہتا فلکہ اس کا ارادہ تمہیں پاک کرنے کا اور تمہیں اپنی بھرپور نعمت دینے کا ہے، تاکہ تم شکر ادا کرتے رہو﴾ سورۃ المائدہ - ٦

س۴۶: کیا اسلام ایسا دین ہے جو اچھے اخلاق اور دوسری مخلوقات کے ساتھ اچھا سلوک کرنے کی رہنمائی کرتا ہے؟

اللہ تعالی قرآن کریم میں فرماتے ہیں:

﴿ اللہ تعالی تمہیں تاکیدی حکم دیتا ہے امانت والوں کی امانتیں انہیں پہنچاؤ، اور جب لوگوں کا فیصلہ کرو تو عدل وانصاف سے فیصلہ کرو، یقیناً وہ بہتر چیز ہے جس کی نصیحت تمہیں اللہ تعالی کر رہا ہے۔ بے شک اللہ تعالی سنتا ہے، دیکھتا ہے﴾ سورۃ النسآء - ۵۸

اللہ تعالی حضرت شعیب علیہ السلام کے ذریعے قرآن کریم میں فرماتے ہیں کہ اس نے اپنی قوم سے کہا:

﴿ اے میری قوم، ناپ تول انصاف کے ساتھ پوری پوری کرو لوگوں کو ان کی چیزیں کم نہ دو اور زمین میں فساد اور خرابی نہ مچاؤ﴾ سورۃ ھود - ۸۵

س۴۷: کیا اسلام میں سب کے لیے مناسب اور موزوں قوانین موجود ہیں؟

اللہ تعالی قرآن کریم میں فرماتے ہیں:

﴿ اور اللہ کی راہ میں ویسا ہی جہاد کرو جیسے جہاد کا حق ہے۔ اسی نے تمہیں برگزیدہ بنایا ہے اور تم پر دین کے بارے میں کوئی تنگی نہیں ڈالی، دین اپنے باپ ابراھیم (علیہ السلام) کا قائم رکھو، اسی اللہ نے تمہارا نام مسلمان رکھا ہے۔ اس قرآن سے پہلے اور اس میں بھی تاکہ پیغمبر تم پر گواہ ہو جائے اور تم تمام لوگوں کے گواہ بن جاؤ۔ پس تمہیں چاہیے کہ نمازیں قائم رکھو اور زکوۃ ادا کرتے رہو اور اللہ کو مضبوط تھام لو، وہی تمہارا ولی اور مالک ہے۔ پس کیا ہی اچھا مالک ہے اور کتنا ہی بہتر مددگار ہے﴾ سورۃ الحج - ۷۸

س۴۸: کیا اسلام معاف کرنے والا دین ہے؟

اللہ تعالی قرآن کریم میں فرماتے ہیں :

﴿جو کوئی جہالت سے برے عمل کرلے پھر توبہ کرلے اور اصلاح بھی کرلے تو پھر آپ کا رب بلاشک و شبہ بڑی بخشش کرنے والا اور نہایت ہی مہربان ہے﴾ سورۃ النحل - ۱۱۹

س۴۹: کیا اسلام امن اور سلامتی کا راستہ دکھا سکتا ہے؟

اللہ تعالی قرآن کریم میں فرماتے ہیں :

﴿جس کے ذریعہ سے اللہ تعالی انہیں جو رضائے رب کے درپے ہوں سلامتی کی راہیں بتلاتا ہے اور اپنی توفیق سے اندھیروں سے نکال کر نور کی طرف لاتا ہے اور راہ راست کی طرف ان کی رہبری کرتا ہے﴾ سورۃ المائدہ - ۱۶

اللہ تعالی قرآن کریم میں فرماتے ہیں ﴿: جو لوگ ایمان لائے ان کے دل اللہ کے ذکر سے اطمینان حاصل کرتے ہیں۔ یاد رکھو اللہ کے ذکر سے ہی دلوں کو تسلی حاصل ہوتی ہے﴾ سورۃ الرعد - ۲۸

س۵۰: کیا اسلام لوگوں کو نجات کی طرف بلاتا ہے؟

اللہ تعالی قرآن کریم میں اس آدمی کے ذریعہ جس نے ایمان لایا فرماتے ہیں :

﴿اے میری قوم! یہ کیا بات ہے کہ میں تمہیں نجات کی طرف بلا رہا ہوں اور تم مجھے دوزخ کی طرف بلا رہے ہو﴾

تمّ بحمد اللہ

***Dr. Mohammed Al-Toom***

***Islamic Education Foundation***

***in Taif***

***E. mail. Altoom111@yahoo.com***

**مترجم: رحمت اللہ بالی**

**مکتب تعاونی برائے دعوت وارشاد وتوعیت جالیات طائف سعودی عرب**

***E. mail: rahmt_bali@yahoo.com***

اس کتابچہ [آپ پوچھئے اور قرآن کریم جواب دے گا؟] کا ترجمہ مندرجہ ذیل زبانوں میں موجود ہے:

١ - انگریزی

٢- بلغاریائی

٣- جرمن

٤ - ہسپانوی

٥ - اطالوی

٦ - پرتگالی

٧ - ناروے

٨ - سویڈش

٩ - تھائی

١٠ - اردو

ان تمام کو اس ویب سائٹ پر تلاش کریں

IslamHouse.c